14اگست 2014ء

اسٹیٹ بینک ملکی معیشت میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتا رہے گا۔ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک سعید احمد

کراچی (14 اگست)اسٹیٹ بینک کے قائم مقام گورنر سعید احمد نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک ملکی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔تحریک پاکستان کے قائدین کی تعلیمات پر عملدرآمد اور ہر فیصلے میں قومی مفاد کو ترجیح دینا بے حد اہمیت کا حامل ہے۔

اسٹیٹ بینک ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 68ویں یوم آزادی کو منانے کے لیے منعقد ہونے والی رنگا رنگ، متاثر کن اور پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قائم مقام گورنر نے کہا کہ زندہ قومیں اپنا یوم آزادی انتہائی جوش وجذبے سے مناتی ہیں۔ بعدازاں قائم مقام گورنر نے حاضرین کی پرجوش تالیوں میں پرچم کشائی کی۔ یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسٹیٹ بینک نے اپنی شاندار روایات کے مطابق یوم آزادی انتہائی جوش وجذبے سے منایا۔اس تقریب میں اسٹیٹ بینک ملازمین کے بچوں کو اپنی سرزمین کے لیے محبت کے اظہار کا موقع بھی فراہم کیا گیا اور انہوں نے ملک سے اظہار عقیدت کے لیے ملی نغمے بھی گائے۔

آزادی کو خداوندتعالی کا عطا کردہ ایک عظیم تحفہ قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمیں ملک کی تخلیق کے لیے ہمارے بزرگوں کی جانب سے دی جانے والی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ ہمارے بزرگوں نے کٹھن مراحل سے گزر کر ہمارے لیے ایک الگ ملک حاصل کیا اور اب اس کی دیکھ بھال کرنا ہم پر فرض ہے۔قائم مقام گورنر نے کہا کہ پاکستان کی تخلیق کے پیچھے کارفرما جذبے کو اپنانا ہم پر لازم ہے اور ہمیں ملکی ترقی وخوشحالی کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔

اس تقریب کے انعقاد کے جذبے کو سراہتے ہوئے سعید احمد نے مستقبل میں بھی ایسی تقریبات کے انعقاد کی ضرورت پر زور دیا تا کہ نئی نسل کو جدوجہد آزادی کے دوران ہمارے بزرگوں کو پیش آنے والی مشکلات سے آگاہ کیا جا سکے۔

قائم مقام گورنر نے کہا کہ ملکی معیشت میں اسٹیٹ بینک کو ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے اور اس کی پالیسوں، گائیڈ لائنز اور پروڈنشیل ریگولیشنز کا ملکی معیشت میں کلیدی کردار ہے۔قائداعظم نے یکم جولائی 1948 کو اسٹیٹ بینک کا افتتاح کرتے ہوئے اسے ہماری خودمختاری کی علامت قرار دیا تھا۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کو آزاد رکھنا ملکی مفاد میں ہے۔قبل ازیں اسٹیٹ بینک کے انٹر بینک سیکورٹی ڈپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر نے اپنے خیر مقدمی خطاب میں یوم آزادی کی تقریب میں شرکت کے لیے وقت نکالنے پر قائم مقام گورنر اور معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ اگرچہ حکومت نے اس سال یوم آزادی کی تقریبات کو جوش وجذبے سے منانے کے احکامات جاری کیے ہیں لیکن اسٹیٹ بینک ہمیشہ یوم آزادی کو شایان شان طریقے سے مناتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خدا کا ایک عظیم تحفہ ہے اور یہ ہمارے بزرگوں کی بے مثال قربانیوں کے نتیجے میں معرض وجود میں آیا تھا۔انہوں نے اپنے ملک کو اندرونی وبیرونی خطرات سے محفوظ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

بعدازاں قائم مقام گورنر نے یوم آزادی کی نمائش کا افتتاح کیا۔اس نمائش کا اہم مقصد نوجوان نسل کو آزادی کی جدوجہد اور تاریخ سے روشناس کرانا تھا۔نمائش کے دو حصے تھے اور دونوں حصے تاریخ وار ترتیب میں دیے گئے، 1947ء سے لے کر موجودہ دور تک۔جس میں سیاسی رہنماؤں اور اہم واقعات کی تاریخی تصاویر نمائش کے لیے پیش کی گئی تھیں۔

☆☆☆☆